# اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

**شعبہ قرآن و تفسیر**

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس کانام: منتخب تفاسیر کے مقدمات کا مطالعہ (1964) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

### بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)

**عزیز طلبہ ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر :1تا 5 )

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ فضائل قرآن کی اہمیت تحریر کیجئے نیز حامل قرآن کی عظمت بیان کرتے ہوئے حامل قرآن کی صفات تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تفسیر قرطبیؒ کے مقدمہ کا خلاصہ تحریر کرتے ہوئے علامہ قرطبیؒ کے قرآن پر طعن کرنے والوں کو دیے گئے جوابات تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ تفسیر ابن کثیر کا تعارف و خصوصیات لکھتے ہوئے تفسیر ابن کثیر کے مقدمہ کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ تفسیر ''التحریر والتنویر'' کے مقدمات کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ مقدمہ تفسیر حقانی کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر:6 تا 9 )

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ مولانا ثناءاللہ کا تعارف اور ان کی تفسیر ثنائی کا تعارف و خصوصیات تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تفسیر قرآن کے ضمن میں علماء کی ذمہ داریوں و کردار پر بحث کرتے ہوئے آداب تلاوت کے متعلق جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ نظم قرآن سے کیا مراد ہے؟ نیز قرآن کے مجموعی نظام کے ظاہری و مخفی پہلوؤں کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ علامہ ابن عاشور کا تعارف و حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی تفسیر ''التحریر والتنویر'' کا تعارف تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اعجاز القرآن پر جامع نوٹ لکھتے ہوئے وضاحت کیجئے کہ قرآن مجید سے کون سے علوم ماخذ ہیں؟ (20)